43065 ـ عمره میں اہل مکہ کا میقات

سوال

اہل مکہ عمرہ کے لیے احرام کہاں سے باندھیں ؟ اوراگروہ گرمیوں کے موسم میں ھداء (میقات سے پہلے ہے) میں رہائش پذیر ہوں توعمرہ کے لیے احرام کہاں سے باندھیں گے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اہل مکہ عمرہ کے لیے حرم کی حدود کے باہرسےاحرام باندھیں گےجیسا کہ تنعیم ہے ، اوراگروہ گرمیوں میں ھداء میں رہتے ہوں تووہ اپنی جگہ سے ہی احرام باندھیں گے کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(اورجواس کے اندرہوں ان کے احرام باندھنے کی جگہ وہی ہے جہاں سے وہ نکلے اورسفرشروع کرے حتی کہ اہل مکہ مکہ سے ہی باندھیں) متفق علیہ ۔

اورصحیحین میں ہے کہ جب عائشہ رضي اللہ تعالی عنہا مکہ میں تھی اورعمرہ کرنا چاہتی تھیں تونبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ وہ حل سے احرام باندھیں (یعنی حرم کی حدود کے باہر سے)

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے .